پرچہ I | (1st A 124) سیکنڈری سکول پارٹ - I، کلاس نہم | دوسرا گروپ

مارکس : 60 | انشائی | :. 2:10 گھنٹے

## حصہ اول

2 - درج ذیل نظم و غزل کے اشعار کی تشریح کیجیے۔ حصہ نظم سے کوئی تین اور حصہ غزل سے کوئی دو اشعار کی تشریح کیجیے: (6+4 = 10)

### (حصہ نظم)

(3x2=6)

i - ہے تیرے گلستان میں بھی فصلِ خزاں کا دور ...... خالی ہے جیبِ گُل، زرِ کامل عیار سے

ii - سبزوں کی لہلہاہٹ، کچھ ابر کی سیاہی ...... اور چھا رہی گھٹائیں سرخ اور سفید کاہی

iii - جچتا نہیں نظروں میں یاں خِلعتِ سُلطانی ...... کملی میں مگن اپنی رہتا ہے گدا تیرا

iv - یہاں ہے ظہور اور وہاں نور تیرا ...... مکاں میں بھی تُو، لامکاں میں بھی تُو ہے

### (حصہ غزل)

(2x2=4)

i - میں جو بولا، کہا کہ یہ آواز ...... اُسی خانہ خراب کی سی ہے

ii - برہمن کو باتوں کی حسرت رہی ...... خدا نے بتوں کو نہ گویا کیا

iii - جان تُم پر نثار کرتا ہوں ...... میں نہیں جانتا دُعا کیا ہے

## حصہ دوم

3 - درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے ، سبق کا عنوان ، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی بھی لکھیے:- (5+5 = 10)

(الف) ہم قبول کرتے ہیں ہندوستان میں ہندوستانیوں کے لیے ایسے کام بہت کم ہیں، جن میں اُن کو قوائے دلی اور قوتِ عقلی کو کام میں لانے کا موقع ملے اور برخلاف اس کے اور ولایتوں میں اور خصوصاً انگلستان میں، وہاں کے لوگوں کے لیے ایسے موقعے بہت ہیں اور اس میں بھی کچھ شک نہیں کہ اگر انگریزوں کو بھی کوشش اور محنت کی ضرورت اور اُس کا شوق نہ رہے، جیسا کہ اب ہے، تو وہ بھی بہت جلد وحشت پنے کی حالت کو پہنچ جاویں گے۔

(ب) دن بھر اُلّو آرام کرتا ہے اور رات بھر ہُو ہُو کرتا ہے۔ اس میں کیا مصلحت پوشیدہ ہے؟ میرا قیاس اتنا ہی صحیح ہے جتنا کہ آپ کا۔ لوگوں کا خیال ہے کہ اُلّو تُو ہی تُو کا وظیفہ پڑھتا ہے۔ اگر یہ سچ ہے تو وہ ان خود پسندوں سے ہزار درجہ بہتر ہے، جو ہر وقت مَیں، ہی مَیں کا وِرد کرتے رہتے ہیں۔

(ورق اُلٹیے)

4 - درج ذیل سوالات میں سے کسی پانچ کے مختصر جوابات تحریر کیجیے۔ (10)

i - خواجہ باسط نے میر اور مرزا کے کلام کے بارے میں کیا فرمایا؟

ii - انسان کب سخت کاہل اور وحشی ہو جاتا ہے؟

iii - افسانہ کی تعریف کیا ہے؟

iv - جملے کے کتنے اجزاء ہیں؟

v - بُلبُل کے گانے کی کیا وجہ ہے؟

vi - " مطلع " کے معنی کیا ہیں؟

vii - محرم اور نامحرم میں کیا فرق ہے؟

viii - میر کی نصابی غزل سے قافیہ کی مثال دیجیے۔

5 - درج ذیل میں سے کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھیے۔ (5)

(الف) ہجرت نبوی خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ وسلم (ب) لہو اور قالین

6 - شاملِ نصاب نظم " برسات کی بہاریں " کا مرکزی خیال یا خلاصہ لکھیے اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ (5)

7 - اپنی والدہ کو خط لکھیے اور موسم گرما کی تعطیلات کا پروگرام بتایئے۔ یا جناب ہیلتھ آفیسر کے نام درخواست تحریر کیجیے اور اپنے محلّہ کی ناقص صفائی کی شکایت کیجیے۔ (10)

8 - پڑھائی کے موضوع پر دو ہم جماعتوں کے درمیان مکالمہ تحریر کیجیے۔ یا " عقل مند بیوی " کے عنوان پر کہانی تحریر کیجیے۔ (5)

9 - درج ذیل جملوں کی درستی کیجیے۔ (5)

i - اس نے کتاب کو خریدا۔

ii - ہمت کو نہ ہارو۔

iii - اللہ کا نام لے کر کمر کو باندھ لو۔

iv - جماعت کراچی چلی گئیں۔

v - آسمان سے ملاقاتیں کرنا۔

یا

درج ذیل ضرب الامثال کی تکمیل کیجیے۔

i - بوڑھی گھوڑی ________ ۔

ii - بات کھٹائی میں ________ ۔

iii - قاضی کے گھر کے ________ ۔

iv - گڑ سے جو مرے تو ________ ۔

v - دل کو دل سے ________ ۔